سوال

(274) عورت کا امام بننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورتوں کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے میں سے کسی ایک خاتون کو امام بنا لیں جو انہیں رمضان یا رمضان کے علاوہ میں نماز پڑھائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اس بارے میں سیدہ عائشہ، ام سلمہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے احادیث آئی ہیں اور وہ عورت جو جماعت کرائے وہ ان کی صف کے درمیان کھڑی ہو (آگے کھڑی نہ ہو) اور جہری نمازوں میں قراءت بھی جہری کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 244

محدث فتویٰ